## 11040 - شرعی سجدہ

### سوال

ہم نے بعد نمازیوں - اللہ تعالی انہیں اور ہمیں ہدایت نصیب فرمائے- کو دیکھا ہے کہ سجدہ میں اپنی پیشانیاں زمین پر نہیں لگنے دیتے بلکہ اوپر اٹھا کر رکھتے ہیں، جب انہیں نصیحت کی جائے تو وہ واہی اور غلط قسم کی علتیں بیان کرتے ہیں ( مثلا رومال وغیرہ خراب ہوتا ہے ) چنانچہ ایسے لوگوں کی نماز کا حکم کیا ہے، اور آپ انہیں کیا نصیحت کرتے ہیں ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ان کے لیے نماز میں سجدہ کرتے ہوئے اپنی پیشانیاں زمین پر لگانی فرض ہیں، کیونکہ انس بن مالك رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں:

" ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شدید گرمی میں نماز ادا کرتے اور جب ہم میں سے کوئی شخص اپنی پیشانی زمین پر نہ رکھ سکتا تو کپڑا بچھا کر اس پر سجدہ کیا کرتا تھا "

صرف سجدہ والی جگہ پر پیشانی کا لمس کرنا کافی نہیں، اس بنا پر ان کا سجدہ صحیح نہیں اور اس کے نتیجہ میں ان کی نماز صحیح نہ ہو گی، کیونکہ سجدہ نماز کے ارکان میں سے ایك رکن ہے.